# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : آمنہ محمود خان

چوتھی جماعت کے لئے



## ٹیچر کیلئے نوٹ

- اکثر بچوں کو بھوت، چڑیل کے فرضی قصے کہانیاں پڑھنے اور سننے کا بہت شوق ہوتا ہے۔ ایسے بچوں کو اگر اپنی مرضی کی کتاب مل جائے تو وہ پڑھنے میں اتنے محو ہو جاتے ہیں کہ اپنے اردگرد کے ماحول سے نکل کر وہ اس کہانی کی خیالی (imaginative) دنیا میں پہنچ جاتے ہیں۔ اس کہانی کو لکھنے کا مقصد بھی یہی ہے کہ بچوں میں سوچنے کی صلاحیت کو اجاگر کیا جائے اور ان میں زیادہ سے زیادہ کتابیں پڑھنے کا شوق پیدا کیا جائے۔

## سیشن 1

### بات چیت

10 منٹ
- ٹیچر بچوں میں کتاب ''ڈراؤنا ڈر'' تقسیم کریں۔ کتاب بچوں کو دکھاتے ہوئے پوچھیں کہ ان کے خیال میں یہ کہانی کس کے بارے میں ہے۔ بچوں کے جواب غور سے سنیں۔ اب ان سے کہیں کہ سرورق اور اندر کے پہلے صفحے پر بنی تصویر کے تاثرات اپنے الفاظ میں بیان کریں۔ (ڈرا ہوا۔ حیران۔ پڑھنے میں محو)۔

بچوں سے سوال پوچھیں کہ اگر بچہ ڈرا ہوا اور حیران ہے تو یہ کیسی کہانی ہو سکتی ہے؟
جب بچوں کے جواب مکمل ہو جائیں تو ان سے پوچھیں
آپ کو کس قسم کی کہانیاں پسند ہیں؟
آپ کی پسندیدہ کہانی کون سی ہے؟
آپ نے کبھی کوئی ایسی کہانی پڑھی ہے جس میں آپ اتنے محو ہو گئے کہ اس کا ایک کردار بن گئے۔
ٹیچر بچوں کے جواب سنیں اور ان کی رائے کی ہرگز نفی نہ کریں۔

### پڑھائی

5 منٹ
- بچوں کو بتائیں کہ اس کتاب میں ہم دو کہانیاں ساتھ ساتھ پڑھ رہے ہیں۔ ایک بچے کے بارے میں اور دوسری وہ، جو بچہ کتاب میں پڑھ رہا ہے۔ لیکن پڑھتے پڑھتے اسے اتنا ڈر لگا کہ وہ کہانی ادھوری چھوڑ کر امی ابو کے کمرے میں آ گیا۔ اب ٹیچر آواز کے اتار چڑھاؤ کے ساتھ بچوں کو کہانی پڑھ کر سنائیں۔ ٹیچر دونوں کہانیاں پڑھتے وقت اپنا لہجہ مختلف رکھیں۔

10 منٹ
- اب بچوں سے کہانی کی پڑھائی کروائیں۔ طریقہ یہ رکھیں کہ دو بچے پڑھائی کریں۔ ایک بچہ عماد کی

کہانی پڑھے اور دوسرا بھوت کی کہانی پڑھے۔ کہانی کی پڑھائی لڑکے اور لڑکیوں دونوں سے مشترکہ طور پر کروائیں۔

### الفاظ معنی

20 منٹ
- پڑھائی کے بعد بچوں سے پوچھ کر مشکل الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ وہ الفاظ جن پر بچے پڑھائی کے دوران اٹکے ہوں انہیں بھی ساتھ ساتھ لکھیں۔ ان الفاظ کے معنی سمجھائیں اور ان میں سے پانچ الفاظ کے جملے بنوائیں۔ مثلاً خوف۔ قصائی۔ ڈراؤنا۔ گاہک۔ شکایت۔

### گھر کا کام

- اگر جملے بنانے کا کام کلاس میں مکمل نہ ہو تو بچے گھر سے مکمل کر کے لائیں۔

## سیشن 2

### پڑھائی

5 منٹ
- آج پہلے ان بچوں سے پڑھائی کروائیں جنہوں نے پہلے نہیں پڑھا تھا۔

### سوال جواب

5 منٹ
- بچوں سے کہانی کے متعلق سوالات کریں۔
- کیا آپ نے کبھی اسی طرح کی کوئی بہت دلچسپ کہانی پڑھی ہے؟
- اگر ہاں تو کون سی؟ (کیا اسے پڑھ کر آپ کو ڈر لگا؟)
- کیا تصویر دیکھ کر آپ بھوت کا حلیہ بتا سکتے ہیں؟ (کچھ بچوں سے حلیہ پوچھیں)

20 منٹ
- ٹیچر الفاظ کا انگریزی ترجمہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے یہ کام کوپیوں میں اتار لیں۔ ٹیچر درج ذیل الفاظ کو بھی لسٹ میں شامل کر لیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| باورچی خانہ | kitchen | شکایت | complain |
| کپکپانا | shiver | قصائی | butcher |

| | | | |
|---|---|---|---|
| گاہک | customer | دھیان | attention |
| ہمت | courage | ڈراؤنا | scary |
| ڈر/ خوف | fear | مجمع | crowd |

15 منٹ

- ٹیچر بچوں کو مختصر طور پر کہانیوں کی قسمیں بتائیں۔ انہیں بتائیں کہ کہانیاں دو طرح کی ہوتی ہیں غیر حقیقی اور حقیقی (fiction & non fiction)۔ بچوں کو دونوں طرح کی کہانیوں کا فرق سمجھائیں۔ سمجھانے کے لئے مثال بھی دیں۔ مثلاً ''ڈراؤنا ڈر'' میں جو بچے کی کہانی ہے وہ non fiction ہو سکتی ہے جبکہ بھوت کی کہانی fiction ہے۔ اسی طرح کسی کی آپ بیتی یا ایسا سچا واقعہ جو کہانی کے انداز میں لکھا جائے non fiction کہلاتا ہے۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے ساتھ ہونے والا کوئی سچا واقعہ چند لائنوں میں لکھیں۔ (یہ non fiction ہوگا)۔

## گھر کا کام

- کام مکمل نہ ہو پائے تو بچے گھر سے مکمل کر کے لائیں۔

# سیشن 3

## پڑھائی

10 منٹ

- بچوں کی لکھی ہوئی کہانی کی پڑھائی کروائیں۔ کوشش کریں کہ زیادہ سے زیادہ بچے اپنی کہانی پڑھ سکیں۔ اس موقع پر ٹیچر بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

## گروپ میں کام

35 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ کل آپ نے ایک non-fiction کہانی پر کام کیا تھا۔ آج بھوت کی fiction کہانی لکھی جائے گی۔ بچے کوشش کریں کہ یہ کہانی مزاحیہ انداز میں لکھی جائے۔ اب پانچ پانچ بچوں کے گروپ بنا دیں۔ ہر گروپ اپنی اپنی کہانی بنا کر لکھے جو بھوت کے مزاحیہ اور ڈراؤنے دونوں طرح کے کارناموں پر مبنی ہو سکتی ہے۔ اس کے لئے مندرجہ ذیل خاکے کی بھی مدد لی جا سکتی ہے۔ بچے اپنی کہانی کا عنوان بھی لکھیں۔ اس کام کے دوران ٹیچر ہر گروپ کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔ اس

کام کے لئے ہر گروپ کو ایک کاغذ کی شیٹ دیں۔ جب کہانی مکمل ہو جائے تو ہر گروپ سے کوئی بھی ایک بچہ آ کر کہانی سنائے اور پھر سوفٹ بورڈ پر اسے لگا دے۔

**بھوت**

بھوت کیا ہوتا ہے۔ (چھلاوا۔ سایہ وغیرہ)۔

کیسے تنگ کرتا ہے۔ (کپڑے یا چیزیں چھپا کر۔ اچانک دھکا مار کر۔ چیزیں ادھر ادھر کر کے۔)

کہاں رہتا ہے۔ (پردے کے پیچھے۔ صوفے کے نیچے۔ الماری میں۔ اسٹور میں۔ گیراج میں۔ درخت پر یا کہیں اور)

کیا کھاتا ہے۔ (اسکول کا لنچ۔ آپ کا موزا۔ آپ کی ٹائی۔ ابو کی گلابی قمیض۔ امی کا ہیئر بینڈ۔ دادا کا اخبار۔ وغیرہ وغیرہ)

## گھر کا کام

5 منٹ

- کہانی ''ڈراؤنا ڈر'' سے مرکب الفاظ تلاش کریں اور ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔ مثلاً اپنی اپنی۔ بڑے بڑے۔ آگے آگے۔ پیچھے پیچھے۔ دھک دھک۔ ڈرتے ڈرتے۔ وغیرہ۔

بچوں سے کہیں اگلے دن اسی کہانی کا ڈرامہ کروائیں گے۔ پانچ بچوں سے مختلف چیزیں مثلاً کالی چادر، پلیٹ، ماسک، ٹورچ، کمبل منگوائیں۔

## سیشن 4

20 منٹ

- کہانی سے فعل (verbs) لکھوائے جائیں اور پانچ افعال کو جملوں میں استعمال کریں۔ اس کام کیلئے 20 منٹ دیں ۔ جن بچوں کا کام مکمل نہ ہو وہ گھر سے کر کے لائیں۔

  ڈراؤنا۔ لرزنا۔ جکڑنا۔ چیخنا۔ چھلانگ مارنا۔ گھومنا۔ جھولنا۔ دہلنا۔ ہنسنا۔ بھاگنا۔ وغیرہ

## پڑھائی

25 منٹ

- ٹیچر اسی کہانی کو ڈرامے کی طرح ریہرسل کروائیں۔ زیادہ سے زیادہ بچے choir کی طرح sound effects دیں۔ ایک بچہ narrator، ایک عماد بنے۔ ٹیچر باقی کردار بھی چن لیں۔ اب عام پڑھائی کے

بجائے ڈرامے کی صورت میں ایکٹنگ کر وائیں۔ کوشش کریں پوری جماعت کے بچے کسی نہ کسی کردار یا choir کی صورت میں استعمال ہوں۔

## گھر کا کام

- بچے اپنے گھر سے مندرجہ ذیل سامان لائیں۔ کل کلاس میں بھوت بنائے جائیں گے۔
سفید پلاسٹک کی تھیلی، ربر بینڈ اور دو پرانے اخبار۔
ٹیچر بھی پانچ چھ تھیلیوں اور ربر بینڈ کا انتظام کر لیں اور کچھ پرانے اخبارات بھی جمع کر لیں تاکہ جو بچے سامان لانا بھول جائیں یا نہ لا سکیں انہیں ٹیچر سامان خود مہیا کریں۔


# سیشن 5

## سرگرمی

- آج کلاس میں پلاسٹک کے تھیلوں کے بھوت بنائے جائیں گے۔ 45 منٹ

## ترکیب

- تمام بچے اپنے ساتھ سفید پلاسٹک کی تھیلیاں لائے ہوں گے۔ بچوں سے کہیں کہ اپنے ساتھ لائے ہوئے اخبار کو ٹکڑے (crush) کر کے تھیلی میں بھردیں جب آدھی تھیلی بھر جائے تو نیچے سے کس کر دھاگے یا ربر بینڈ سے باندھ دیں اور تھیلی کا کھلا حصہ staple کر دیں۔ تھیلی کا اوپری حصہ بھوت کا سر بن جائے گا۔ اب ٹیچر ماسکنگ ٹیپ سے آنکھیں اور ہونٹ کاٹ کر دیں، جنہیں بچے بھوت کے منہ پر چپکا دیں اور اپنی مرضی سے اس میں رنگ بھریں۔ وہ اپنے ان بھوتوں کو اسکول کے کسی درخت پر



پلاسٹک بیگ سے بنا بھوت

لٹکا سکتے ہیں یا کلاس میں ٹانگ سکتے ہیں۔ بچے اپنے بھوت کا نام بھی لکھ کر اس پر چپکا دیں۔

## گھر کا کام

- کل املا ہوگا بچے تیاری کر کے آئیں۔

# سیشن 6

### املا

20 منٹ
- آج املا کروائیں۔ ٹیچر بعد میں الفاظ بورڈ پر لکھ دیں۔ بچے آپس میں کوپیاں تبدیل کر کے ایک دوسرے کا املا چیک کریں۔ بعد میں ان کوپیوں کو ٹیچر بھی چیک کریں۔

## زبانی سوال جواب

10 منٹ
- کچھ بچوں سے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔

پڑھائی کے بعد بچوں سے پوچھیں کہ کیا آپ نے کبھی کوئی ''ڈراؤنا خواب'' دیکھا ہے۔ کم از کم دو بچوں سے ان کے خواب سنیں۔

اس موقع پر ٹیچر بچوں کو بتا سکتی ہیں کہ ڈراؤنے خواب کو انگریزی میں night mare کہتے ہیں۔

## آرٹ کا کام

15 منٹ
- اپنے خواب کی تصویر بنائیں اور اس کے بارے میں 5-6 جملے لکھیں۔

# سیشن 7

## پڑھائی

15 منٹ
- آج پوری کلاس سے مکمل کہانی کی پڑھائی کروائی جائے۔ اس کا طریقہ یہ ہوگا کہ کلاس کے بچوں کو باری باری کھڑا کریں اور کہانی پڑھوائیں۔ جہاں آپ بچے کو پڑھائی روکنے کا اشارہ کریں اگلا بچہ وہیں سے پڑھائی شروع کرے۔ اس طرح تمام بچے کلاس میں attentive رہیں گے۔

## سوال جواب

25 منٹ
- پڑھائی کے بعد درج ذیل سوالات کے جوابات بچوں سے کوپیوں میں کر وائیں۔

(1) دکانداروں نے دکانیں کیوں بند کر دیں؟
(2) عماد نے گھر میں کہانی کس کس جگہ پڑھی؟
(3) آپ کے خیال میں اس زمانے میں موسم کیسا تھا؟
(4) کیا آپ کا بھائی یا بہن آپ کی شکایت امی سے کرتے ہیں؟
(5) بھوت نے لوگوں کو تنگ کرنے کے لئے کیا کیا شرارتیں کیں؟
(6) آپ کے خیال میں کیا بھوت جیسی کوئی چیز دنیا میں ہوتی ہے؟
(7) بھوت کا حلیہ اپنے الفاظ میں لکھیں؟

## گھر کا کام

5 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ وہ مندرجہ ذیل الفاظ اپنی کوپیوں میں لکھیں۔ گھر سے ان کی ضد لکھ کر لائیں۔

جلدی۔ سیدھا۔ رکھا۔ ممکن۔ ہوش۔ شروع۔ کھلا۔ پیچھے۔ صاف۔ چھوڑنا۔ جلایا۔

# ڈراؤنا ڈر

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup

187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221

e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

Not For Sale